
# نیوٹرنگ – خصی کرنا
# بلیّوں کے لیئے خاندانی منصوبہ بندی



کیٹس پروٹیکشن بلیّوں کا تحفظ کرنے والی تنظیم

ضروری راہنمائی کا کتابچہ 6

کیٹس پروٹیکشن کا یہ یقین ہے کہ آپ کا اپنی بلی کو اس سے پہلے کہ اُس کے ہاں بچے پیدا ہوں خصی کروانا ایک ذمہ دار مالک ہونے کا ایک اہم حصہ ہے۔ بلیّوں کے ہاں بُہت بچے ہوتے ہیں اور اُن کی تعداد اس امر پر منحصر ہوتی ہے کہ اُن کے لیئے کتنی خوراک اور پناہ کی جگہ دستیاب ہے۔ نیوٹرنگ یعنی خصی کرنے کے عمل کے بغیر برطانیہ میں بلیّوں کی آبادی تیزی سے قابو سے باہر ہو سکتی ہے۔ برائے مہربانی کوشش کیجئے کہ پہلے ہی سے ہزاروں غیر مطلوبہ بلیّوں کی تعداد میں مزید اضافہ نہ ہو۔ آبادی میں بُہت زیادہ اضافہ بلیّوں میں وبائی بیماریوں، پریشان حالی سے متعلقہ بیماریوں اور بلیّوں میں لڑائیوں کا باعث بنتا ہے اور اُن کی فلاح و بہبود پر منفی اثرات کا باعث بنتا ہے۔

# نیٹرنگ یعنی خصی کرنا کیا ہوتا ہے؟

نیوٹرنگ ایک جراحی آپریشن ہوتا ہے جس کی مدد سے مادہ بلیّوں ، جن کو کوئین کہا جاتا ہے اور نر بلیّوں، جن کو ٹام کہا جاتا ہے، کو خصی کیا جاتا ہے تاکہ مادہ بلیّوں کو حمل نہ ہو سکے۔

- ایک مادہ بلی کا ہلکا سا آپریشن کرکے اُس کی اوّریز یعنی بیضہ دانی اور بچہ دانی نکال دی جاتی ہیں
- ایک نر بلےّ کے آپریشن کر کے اس کے فوطے نکال کر اس کو خصی کر دیا جاتا ہے

کیٹس پروٹیکشن عام طور پر یہ تجویز کرتی ہے کہ بلیّ کے بچوں کو **چار ماہ کی عمر کے لگ بھگ خصی کروا دینا چاہیئے۔ تاہم بلیّوں کو کسی بھی عمر میں خصی کروایا جا سکتا ہے۔** خصی کروانے کا عمل (نیوٹرنگ) غیر ضروری حمل سے نپٹنے کے لیئے ایک بہترین طریقہ کار ہےجو مسئلے کے پیدا ہونے سے پہلے اس کا حل ہے۔ خصی کرنے کے عمل سے بلیّوں میں سرطان اور دیگر بیماریوں سے بھی نجات ملتی ہے اور اُن کے گم ہونے یا لڑنے اور پیشاب چھڑکنے کے امکانات کم ہوں گے۔

# نیوٹرنگ کب کی جائے؟

روایتی طور پر بلیّوں کی چھ ماہ کی عمر میں نیوٹرنگ کی جاتی تھی۔ تاہم جدید ترین سائنسی تحقیق سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس سے کم عمر میں، مثال کے طور پر آٹھ ہفتوں کے بعد،نیوٹرنگ کرنے سے کوئی حرج نہیں ہوتا۔ کیونکہ چھوٹی بلیّاں چار ماہ کی عمر ہی میں جنسی بلوغت کو پہنچ جاتی ہیں اس لیئے کیٹس پروٹیکشن عام طور پر یہ تجویز کرتی ہے کہ بلی کے بچوں کی تقریباً چار ماہ یا اس سے کم عمر میں نیوٹر نگ کر دینی چاہیئے۔

# نیوٹرنگ کیوں کی جانی چاہئے؟

نیوٹرنگ کے عمل میں صحت کے نقطہ نظر سے کئی فوائد ہیں اور ساتھ ہی یہ برطانیہ میں غیر مطلوبہ بلیّوں کی تعداد کو کم سے کم رکھنے میں مدد گار ثابت ہوتی ہے۔

### غیر خصی شدہ 'مکمل' نر بلوّں؛

- کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں کہ وُہ لڑنے کی وجہ سے زخمی ہوں اور اُن کو بیماریاں لگیں جس کے نتیجے میں اُن کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور ویٹ یعنی جانوروں کے ڈاکٹر کے اخراجات بھی زیادہ ہوں گے۔
- وُہ غیر خصی شُدہ بلیّوں کی تلاش میں کئی میلوں تک پھیلے ہوئے علاقے تک چلے جاتے ہیں اورسڑک پر حادثات اور زخمی ہونے کے خطرات مول لیتے ہیں اور اس کے نتیجے میں آپ کا اپنے پالتو بلےّ سے رابطہ ٹوٹ سکتا ہے۔
- وُہ بلیّوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیئے اپنے پیشاب کا چھڑکاؤ کرتے ہوئے اپنے علاقے کی حدود بندی کرتے ہیں ۔
- اُن کو فوطے میں رسولی کے خطرات ہوتے ہیں۔
- وُہ غصی شُدہ بلوّں کی نسبت شکار کرنے کی بہتر صلاحیت نہیں رکھتے ہیں کیونکہ شکار کرنا ایک جنسی امر نہیں ہے۔
- ایک جنسی ساتھی نہ ملنے کی صورت میں وُہ محرومی کی وجہ سے مایوسی اور دباؤ کا شکار ہوجائیں گے۔

### اس کے برعکس خصی شُدہ بلوّں ؛

- کے باہر گھومنے پھرنے کے کم امکانات ہوتے ہیں جس سے اُن کے سڑک پر حادثات کے امکانات بھی کم ہوتے ہیں۔
- اُن کے لڑنے کے خدشات کم ہوتے ہیں جس سے اُن کے زخمی ہونے یا پھر بلیّوں میں پائی جانے والی بیماریوں فیلائین امیونوڈیفی شیئنسی وائرس (FIV) یا فیلائین لیوکیمیا وائرس (FeLV) کے لگنے کے خطرات کم ہوتے ہیں۔
- اُن کے پیشاب کا چھڑکاؤ کرنے کے کم امکانات ہوں گے۔
- اُنکے فوطےمیں رسولی ہونے کے امکانات نہیں ہوتے ہیں۔
- وُہ بہتر پالتو جانور ثابت ہوتے ہیں اور زیادہ 'گھریلو' ثابت ہوتے ہیں۔

### غیر خصی شُدہ 'مکمل' مادہ بلیّاں؛

- چار ماہ کی عمر سے کثرت سے حاملہ ہو جاتی ہیں۔
- اُن کےسال میں اکثر تین یا چار مرتبہ بچے ہوتے ہیں۔ یہ بلیّوں کی آبادی میں اضافے کا باعث بنتا ہے اور مالک کے لیئے زائد اخراجات کا باعث بنتا ہے اور خصوصی طور پر اگر حمل یا پیدائش کے دوران مسائل پیش آئیں۔
- جنسی صحبت کے موسم ۔ جنوری سے اگست ۔ کے دوران جب تک کہ وُہ حاملہ نہ ہو جائیں ہر تین ہفتے بعد ساتھی بلےّ کی توجہ حاصل کرنے کے لیئے شورمچاتی اور آوازیں نکالتی ہیں۔
- اُن کو جنسی عمل اور صحبت کے ذریعے بیماریاں لگنے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔
- اُن کو بچہ دانی اور بیضہ دانی اور میمری گلینڈز یعنی پستان کے ریشوں کے سرطان کے علاوہ پائیومیٹرا جو کہ بچہ دانی کی شدید انفیکشن کا نام ہے کے خطرات لاحق ہوتے ہیں۔

### اس کے برعکس خصی شُدہ بلیّاں ؛

- حاملہ نہیں ہوں گی، اسطرح اُن کے ہاں پیدا ہونے والی زائد بلیّوں کے اخراجات نہیں ہوں گے۔
- غیر خصی شُدہ بلیّوں کی طرح شور نہیں مچاتیں اور نہ ہی آوازیں نکالتی ہیں، اور اسطرح مالک اور ہمسائیوں کے لیئے قدرے پُر امن راتیں گزُرتی ہیں
- اُنکو FIV اور FeLV جیسی بیماریوں کے لگنے کے خطرا ت کم ہوتے ہیں جو جنسی عمل اور کاٹنے سے پھیلتی ہیں۔
- اُن کو بچہ دانی اور بیضہ دانی کا سرطان نہیں ہو سکتا اوراُن کو میمری گلینڈز یعنی پستان کے ریشوں کے سرطان کے بھی بہُت کم خطرات ہوتے ہیں، اور خصوصی طور پر جب اُن کو ابتدا ہی میں خصی کر دیا جائے۔

### غیر متوقع حمل کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بلیّوں کے بچوں ؛

- کو بیماریاں لگنے کے خطرات ہوتے ہیں۔
- اُن کی دیکھ بھال کرنے اور ویٹ یعنی جانوروں کے ڈاکٹر کی خدمات کے قدرے خاصی اخراجات ہوتے ہیں، جو اُن بچوں کو فروخت کرکے حاصل ہونے والی رقم سے کئی گُناہ زیادہ ہوتے ہیں جب کہ پہلے ہی بہُت سے بلیّوں کے بچے خریدنے کے لیئے دستیاب ہیں۔
- وُہ بے گھر ہو سکتے ہیں۔
- ہوسکتا ہے کہ وُہ کسی اور غیر مطلوبہ بلیّ یا اُس کے بچے کو ایک گھر ملنے سے محروم کر دیں کیونکہ اُن کو لینے والے گھروں کی کمی ہے اور بلیّوں کے بچے زیادہ ہیں۔

بہُت سے مالکان کو علم نہیں ہوتا کہ 'باہر' کی کس بلیّ بلےّ کے ساتھ اُن کے غیر خصی جانور نے صحبت کی ہے اور اسطرح وُہ جان لیوا حد تک شدید نوعیت کی بیماریوں کے خطرات سے بے خبر ہوتے ہیں۔ مزید یہ کہ نر بلےّ کی عادات کا ہونے والے بچوں کے رویےّ پر اثر پڑتا ہے۔ 'باہر' کی بلیّ بلےّ کے ساتھ اُن کے غیر خصی جانور کی صحبت سے ایسے بلیّ کے بچے پیدا ہو سکتے ہیں جو گھریلو پالتو جانور کے طور پر رکھنے کے قابل نہ ہوں۔

# آپریشن

آپ کی بلیّ کو ویٹرنری سرجری میں ایک دن کے لیئے داخل کیا جائے گا اور اس آپریشن کے لیئے اُس کو بے ہوش کیا جائے گا اس لیئے آپریشن سے چند گھنٹے قبل کی مدت کے دوران اُن کو کھانے کے لیئے کچُھ نہیں دیا جانا چاہیئے۔ آپ کے ویٹ یعنی بلیوں کے ڈاکٹر آپ کو بتائیں گے کہ آپ کو اپنی بلی کو کب کھانے کو دینا چاہیئے۔بلیّوں اور بلوّں دونوں کا اس سلسلے میں آپریشن مختصر نوعیت کا ہوتا ہے اور آپ جس دن اپنی بلیّ کو ویٹ کے ہاں چھوڑ کر آئیں گے اُسی دن اُس کو آپریشن کے بعد گھر لا سکیں گے۔

اس کی تکمیل پر آپ کی بلیّ کے پیٹ کے ایک جانب ایک چھوٹا سا نشان ظاہر ہوگا جہاں سے آپریشن کرنے کے لیئے بالوں کا صفایا کیا گیا ، یہ بال چند ہفتوں میں واپس اُگ آئیں گے۔ اُس کے جو ٹانکے لگے ہوں گے وُہ اگر خود بخود تحلیل ہو جانے والے نہ ہوئے تو اُن کو تقریباً 10 دن کے بعد نکالا جائے گا۔

بلیّوں میں برداشت کی بہُت اہلیت ہوتی ہے اور وُہ بہت بہادر ہوتی ہیں – انسانوں سے بہُت زیادہ – اور عام طور پر وُہ آپریشن سے جلد ہی تندرست ہو جائیں گی۔ آپ کے ویٹ آپ کو ہدایات دیں گے کہ آپ اپنی بلی کے آپریشن کے بعد اُس کی کیسے دیکھ بھال کریں۔ بلیّوں کے بچے حقیقت میں بڑی بلیّوں کی نسبت جلد تندرست ہو جاتے ہیں۔نیوٹرنگ کے عمل کے بعد آپ کی بلی کو کم خوراک کی ضرورت ہوگی کیونکہ جسمانی طور پر وُہ کم سرگرم رہے گی اس لیئے آپ کو اپنی بلیّ کی خوراک کا دھیان کرنا ہوگا کہ اُس کا وزن زیادہ نہ بڑھ جائے اور کو مٹاپے سے بچانے کے لیئے اُس کی خوراک کو کم کرنا ہوگا۔ اس سے بھی آپ کے اخراجات میں کمی آئے گی۔

# اس کی لاگت کیا ہوتی ہے؟

اس آپریشن کی لاگت مختلف ہوتی ہے اور اس امر پر منحصر ہے کہ آپ کس علاقے میں رہتے ہیں۔ ایک نر بلے کے لیئے اوسط لاگت £30 سے £60 اور ایک مادہ بلیّ کے لیئے اوسط لاگت £40 سے £80 ہوتی ہے۔ آپریشن سے پہلے آپ کے ویٹ آپ کو بخوشی لاگت کا تخمینہ مہیا کریں گے اور ہم تجویز کریں گے کہ آپ کئی مختلف ویٹ کو فون کرکے اس کی لاگت کا پتہ کریں۔ اگر آپ بینیفٹ وصول کرتے ہوں یا آپ کی آمدنی بہُت کم ہو تو کیٹس پروٹیکشن کچُھ حالات میں بلیّ کے مالک کی مدد کر سکتی ہے۔ مزید تفصیلات کے لیئے اس ویب سائیٹ کو ملاحظہ کیجئیے

www.cats.org.uk/neutering :

یا اس نمبر پر فون کیجئے: 03000 12 12 12

# اپنی بلّی کی نیوٹرنگ کے لیئے ایک ویٹ کی تلاش کیجئے

اگرچہ تقریباً تمام ویٹ بلیوں کی نیوٹرنگ کرتے ہیں، مگر کچُھ ویٹ بلّی کی نیوٹرنگ چھ ماہ کی عمر سے قبل نہیں کرتے ۔تاہم جو ویٹ ایسا کرسکتے ہیں اُن کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے جس کی وجہ امدادی تنظیموں کی حمایت ہے جیسا کہ برٹش سمال انیمل ویٹرنری ایسوسی ایشن (BSAVA) ۔آپ کے قریب ترین ویٹ کے بارے میں جاننے کے لیئے کیٹس پروٹیکشن کی اس ویب سائیٹ کو ملاحظہ کیجیے
www.cats.org.uk :

کم عمری میں نیوٹرنگ کا عمل کئی سالوں سے بہُت سے ممالک میں ایک معمول کی بات ہے جن میں امریکہ اور آسٹریلیا بھی شامل ہیں اور اس کے باتحفظ اور موثر ہونے کا ایک ثابت شُدہ ریکارڈ موجود ہے۔ تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کہ اس عمل کے بلیّوں کی افزائش اور رویےّ پر کوئی منفی اثرات نہیں ہوتے ۔ بہترتکنیک اور جدید ادویات کی وجہ سے ماضی میں جراحی آپریشن کے بارے میں پائے جانے والی تشویشات اب بے بنیاد ہیں اور یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ بلیوّں کے چھوٹے بچے بڑی بلیّوں کی نسبت آپریشن کے بعد زیادہ تیزی سے تندرست ہو جاتے ہیں۔

# نیوٹرنگ کے متعلق کہاوتوں کو غلط ثابت کرنے کے لیئے حقائق

- بلیّاں چار ماہ کی عمر سے حاملہ ہونا شروع ہو جاتی ہیں
- بلیوّں کے بچوں کی نیوٹرنگ ایک باتحفظ طریقے سے چھ ماہ کی عمر سے قبل کی جا سکتی ہے
- بلیّ کے بچے کو خصی کرنے سے پہلے ایک دفعہ بچے جننے کا موقع دینے میں متعلقہ جانور کے لیئے کوئی فائدے کی بات نہیں
- بلیّوں میں حمل کی مدت صرف نو ہفتے ہوتی ہےاور ایک مادہ بلیّ بچوں کی پیدائش کے صرف چھ ہفتے بعد دوبارہ حمل کے لیئے تیار ہو سکتی ہے
- ایک بلیّ سال میں باآسانی تین دفعہ بچے دے سکتی ہے اور ہر دفعہ اس کے پانچ سے چھ بچے ہو سکتے ہیں۔ اور اسطرح کیٹس پروٹیکشن کو 18 ایسے گھروں کی تلاش ہو گی جو بلیّوں کو باتحفظ رکھ سکتے ہوں! اس طرح سے بچوں کی پیدائش متعلقہ بلیّ کے لیئے بہُت مشقت کا کام ثابت ہو سکتا ہے اور یہ اُس کے لیئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔
- ایک غیر خصی شُدہ بلیّ صرف پانچ سالوں میں پُشت در پُشت 20,000 بچوں کی پیدائش کا سبب بن سکتی ہے۔ غیر خصی شُدہ بلیّاں ایک دوسرے کو تلاش کرنے میں بہُت ماہر ہوتی ہیں اور اس کے نتیجے میں بغیر منصوبہ بندی کے غیر مطلوبہ حمل کے واقعات عام ہوتے ہیں۔
- خصی شُدہ بلیّاں اُن میں سے نکالے ہوئے اعضاً یا بچے پیدا کرنے کے مواقع کی کمی محسوس نہیں کرتے ۔ وُہ انسان نہیں ہیں!
- نیوٹرنگ کا عمل ایک مادہ بلیّ کے پیدائشی موسم ، حمل یا دُودھ پلانے کی مدتوں کے دوران بھی کیا جا سکتا ہے اور اس سلسلے میں بہترین طریقہ کار ایک ویٹ کے ساتھ بات کرنا ہے۔

اگرچہ بلیّوں کے زیادہ تر مالکان اپنی بلیّاں خصی کرواتے ہیں بد قسمتی سے بُہت سے مالکان بلیوں کو خصی کروانے سے پہلے بچے پیدا کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں جس کی وجہ سے بلیّوں کی آبادی میں مزید اضافہ ہوتا ہے اور جانوروں کے لیئے کام کرنے والی فلاحی تنظیموں پر مزید بوجھ پڑتا ہے۔ برائے مہربانی اس امر میں تاخیر مت کیجئے اور آج ہی اپنے ویٹ کے ساتھ بات کرکے اپنی بلیّ کی نیوٹرنگ کے لیئے اپوائنٹمنٹ بنایئے۔ اس سے آپ کی بلیّ کو فائدہ ہوگا اور ہوسکتا ہے کہ اُس کو تکلیف سے بچائے اور بلیّوں کی آبادی کے اجتماعی مفاد کے لیئے یہ آپ ایک اہم قدم اُٹھائیں گے۔

## اپنی بلیّ کے بارے میں انٹرنیٹ سے مزید جانیئے

اپنی بلیّ کے نسلی پس منظرکوجاننے اور بلیوّں کے رویوّں کے بارے میں بہترسمجھنے کے لیئے ہمارے آن لائین سافٹ ویئر کا استعمال کیجئے۔

**http://learnonline.cats.org.uk/content/ufo :**

## ویٹرنری ہدایاتی کتابچے

1. آرتھرائٹس (جوڑوں کا درد)
2. مادہ بلیّوں میں پیشاب اور مثانے کی بیماریاں - لوَر یوریٹری ٹریکٹ ڈیزیز (FLUTD)
3. ذیابیطس
4. بلیّوں میں خارش اور جلد کے مسائل
5. فیلائین پاروُوائرس (FPV) (ایک جراثیمی بیماری)
6. گردوں کی بیماری ۔ رینال ڈیزیز
7. معذور بلیّاں
8. ہائی بلڈ پریشر
9. فیلائین امیونوڈیفی شینسی وائرس (FIV) اور فیلائین لیوکیمیا وائرس (FeLV)
10. فیلائین کرونا وائرس (FCoV) فیلائین انفیکشن (FIP)
11. دل کا مرمر اور دل کے امراض
12. ہائپرتھائرئوڈزم
13. بلیّوں کا دمہ
14. دانتوں اور مُنہ کی صحت
15. مکھیاں اور دیگر کیڑے
16. بلیّوں کا فلو
17. وبائی بیماریاں اور انسدادی ٹیکے
18. پیٹ خرابی - قے اور دست
19. آپ اور آپ کے ویٹ یعنی جانوروں کے ڈاکٹر
20. بلیّاں اور حاملہ عورتیں۔Toxoplasmosis – بلیّ کے فضلے کے جراثیم کا خطرہ

## ضروری ہدایاتی کتابچے

1. آپ کی بلیّ کی دیکھ بھال
2. گھر میں خوش آمدید
3. مکان کی منتقلی
4. خوراک دینا اور مٹاپا
5. اپنی بلیّ کا تحفظ کرنا
6. نیوٹرنگ - بلیّوں کے لیئے خاندانی منصوبہ بندی
7. کب جانے دیا جائے
8. مائیکرو چِپنگ (برقی شناختی آلہ)
9. اپنی بلیّ کے رویےّ کو سمجھنا
10. اپنی بلیّ کے رویےَ سے نپٹنا
11. بلیّوں کا اکٹھا رہنا
12. گھریلو اور باہر کی بلیّاں
13. بلیّاں اور قانون
14. بلیّاں اور لوگ
15. بلیّ کے بچے کی دیکھ بھال کرنا
16. عمر رسیدہ بلیّاں
17. جنگلی بلیّاں
18. حاملہ بلیّاں ، بلیّ کےبچوں کی پیدائش اور دیکھ بھال

کیٹس پروٹیکشن کے بارے میں مزید جاننے یا چندہ دینے کے لیئےہماری ویب سائیٹ کو ملاحظہ کیجئے : **www.cats.org.uk**
یا ہماری امدادی لائین پر فون کیجئے **03000 12 12 12.**

CATS PROTECTION

رجسٹرڈ چیرٹی: 203644 (انگلینڈ اور ویلز) اور SC037711 (سکاٹ لینڈ)
SEPT-13 CODE: **84006**